# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور طالب علم کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2025 | ...... | ...... |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2026 | مشق نمبر 1 | 08-01-2026 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2026 | مشق نمبر 2 | 20-02-2026 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

کورس: اُردو لازمی۔ بک ون (364) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: انٹرمیڈیٹ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبا میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-4 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر 40

سوال 1۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے نصاب کے مطابق مختصر جواب دیجیے: (4x5=20)

I۔ مضمون ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' میں مضمون نگار کیا بتانا چاہتا ہے۔

II- ڈاکٹر وزیر آغا ''ہنسی، مزاح اور انسانی زندگی'' میں کن حقیقتوں کو بیان کر رہے ہیں؟

III۔ مہدی افادی کے مضمون ''سقراط'' کے اہم نکات کیا ہیں؟

IV۔ خواجہ حسن نظامی نے ''مچھر'' میں کیا بتانے کی کوشش کی ہے؟

V۔ مضمون ''وطن وملت'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال 2۔ افسانہ سے کیا مراد ہے؟ نیز غلام عباس کا افسانہ ''یہ پری چہرہ لوگ'' کا خلاصہ لکھیں اور افسانے کا فنی جائزہ بھی لیں۔ (20)

سوال 3۔ احمد ندیم قاسمی کے افسانے ''خربوزے'' سے کیا پیغام ملتا ہے؟ نیز اس افسانے کے فنی محاسن بیان کریں۔ (20)

سوال 4۔ صنف ''شخصیت نگاری'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ چراغ حسن حسرت نے ''علامہ اقبال'' میں شخصیت کو کس طرح پیش کیا ہے۔ (20)

سوال 5۔ پطرس اور مشتاق یوسفی کے مزاح کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ''لاہور کا جغرافیہ'' اور ''جنونِ لطیفہ'' کے حوالے سے مزاح نگاری کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر 100 کامیابی کے نمبر 40

سوال 1۔ غزل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز نصاب میں شامل ناصر کاظمی، شکیب جلالی، احمد فراز اور ظفر اقبال کی غزلوں کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 2۔ اقبال، فیض اور شہزاد احمد کی غزل گوئی کے نمایاں اوصاف بیان کریں۔ (20)

سوال 3۔ نصاب میں شامل اختر شیرانی کی نظم ''نغمۂ زندگی'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ نیز اختر شیرانی کی غزل گوئی کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 4۔ جدید نظم گوئی میں ن م راشد اور مجید امجد کو نمایاں مقام حاصل ہے، نصاب میں شامل ان شعرا کی نظموں پر تنقیدی تبصرہ کریں۔ (20)

سوال 5۔ (الف) علم البدیع سے کیا مراد ہے؟ (10)

(ب) رموزِ اوقاف میں کون سی علامات شامل ہوتی ہیں؟ ان علامات کی تعریف بھی لکھیں۔ (10)